# India’s participation in the video conference of SAARC Health Ministers on COVID-19 hosted by Pakistan

April 23, 2020

---

## پاکستان کی میزبانی میں کووڈ 19 سے متعلق سارک کے وزرائے صحت کی ویڈیو کانفرنس میں بھارت کی شرکت

23 اپریل، 2020

23 اپریل 2020 کو پاکستان کے زیر اہتمام کووڈ 19 پر سارک کے وزرائے صحت کی ویڈیو کانفرنس میں، ہندوستان کی نمائندگی ہیلتھ سروسز کے ڈائریکٹر جنرل نے کی، جنہیں آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز، نئی دہلی اور انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ نے مدد فراہم کی۔ بیشتر سارک ممالک نے سرکاری سطح پر اس میں نمائندگی کی۔

یہ پروگرام 26 مارچ 2020 کو سینئر ہیلتھ پروفیشنلز کی ویڈیو کانفرنس کی میزبانی کے ہندوستان کے پہلے اقدام کے بعد ہوا، جو کہ کووڈ 19 کے خلاف زیادہ سے زیادہ علاقائی تعاون کو فروغ دینے کے لئے کار آمد اور نتیجہ خیز عمل ثابت ہوا تھا۔

ہندوستان کی جانب سے اس ویڈیو کانفرنس، 26 مارچ کی ویڈیو کانفرنس میں دی گئی بریفنگ کی بنیاد پر، کووڈ 19 کی موجودہ صورتحال کے بارے میں ہندوستان کے جامع ردعمل پر ایک مفصل خاکہ پیش کیا گیا، جس میں ہندوستان کی ضروری مواد اور ادویات تیار کرنے میں اضافے کے ساتھ دواؤں اور ویکسین پر تحقیقی صلاحیتوں کو بڑھانے کا عمل شامل ہے۔ میٹنگ میں، ہندوستان نے معاشرے تک رسائی اور مداخلت کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لئے موبائل ایپ ‘اروگیاسیٹو’ جیسے جدید اور نئی ٹیکنالوجی پر مبنی حل کے کامیاب استعمال اور اس کے امید افزا مستقبل پر بھی روشنی ڈالی۔

وزیر اعظم مودی کی سارک رہنماؤں کے ساتھ 15 مارچ 2020 کی ویڈیو کانفرنس سے خطے میں تعاون اور یکجہتی کے جذبات میں گرم جوشی پیدا ہوگئی ہے جس کی وجہ سے خطے کے لوگوں کی پریشانیوں کو دور کرنے کے لئے، مضبوط فالو آپ اقدامات کے ذریعہ کووڈ 19 کے خلاف جنگ میں بہت پیشرفت ہوئی ہے۔ سارک کووڈ -19 ایمرجنسی فنڈ کے قیام اور استعمال، سارک ڈیزاسٹر مینجمنٹ سنٹر (ایس ڈی ایم سی- آئی یو) گاندھی نگر کی تیار کردہ ایک خاص ویب سائٹ کی تشکیل اور صحت اور تجارتی عہدیداروں کے لئے بر وقت باہمی رابطوں کے لئے ایک خاص نیٹ ورکنگ کو فروغ دینے جیسے واضح عملی اقدامات شامل ہیں۔

ہندوستان نے سارے سارک ممالک کے استعمال کے لئے ایک الیکٹرانک پلیٹ فارم تیار کیا ہے، جس کا نام "سارک کووڈ 19 انفارمیشن ایکسچینج پلیٹ فارم" (COINEX) ہے۔ اگلے بڑے اقدام کے طور پر، خطے میں نامزد ہیلتھ پروفیشنلز افراد کے درمیان کووڈ 19 پر خصوصی معلومات اور آلات کے تبادلے کے لئے یہ پلیٹ فارم شروع کیا جائے گا۔ COINEX مختلف آن لائن ٹریننگ وسائل اور آن لائن لرننگ ماڈیول کو پیش کرنے کے ساتھ اس کی سہولت کو یقینی بنائے گا۔

ورچوئل میٹنگ ہندوستان کے لئے یہ موقع تھا کہ وہ علاقائی فلاح وبہبود کے لئے کووڈ 19 کے خلاف مشترکہ لڑائی میں علم، مہارت اور بہترین طریق کار کی زیادہ سے زیادہ شیئرنگ کے بارے میں اپنے مضبوط عزم کی توثیق کرے۔

**نئی دہلی**

**23 اپریل، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.